سوال

ں کیا حکمت ہے (140)؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ند نے ہمارے لئے کراماً کاتبین فرشتوں کو مقرر فرمایا ہے۔ جو ہم بولتے اور سنتے ہیں۔ وہ سب کچھ لکھ لیتے ہیں۔ تو سوال یہ ہے کہ ان فرشتوں کے پیدا کرنے میں یا حکمت ہے۔ کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ تو سب کچھ جانتا ہے۔ اور اس سے ہماری کوئی ظاہری اور باطنی بات پوشیدہ نہیں ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

تہ!

مد!

طرح کے امور کی حکمت بھی ہمیں معلوم ہوجاتی ہے۔ اور کبھی معلوم نہیں ہوتی۔ کیونکہ بہت ساری چیزیں ہیں جن کی حکمت ہمیں معلوم نہیں جیسا کہ اللہ نے روح کا زکر کرتے ہوئے فرمایا کہ:

ﱠ85... سورة الاسراء

ے روح کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ وہ میرے پروردیگار کا امر ہے۔ اور تم لوگوں کو (بہت ہی) کم علم دیا گیا ہے۔''

ح اگر کوئی شخص مثلا یہ پوچھے کہ اونٹ کو اس طرح پیدا کرنے میں کیا حکمت ہے؟ اور گھوڑے کو اس طرح اور گدھے کو اس طرح اور آدمی کو اس طرح پیدا کرنے میں کیا حکمت ہے۔؟ یا اگر کوئی شخص کہے کہ ظہر عصر عشاء کی نمازوں کی چار چار رکعتوں کو فرض قرار دینے میں کیا حکمت ہے۔؟ انہیں آٹھ یا چار رکعتَ

ہ سوال کے ہمارے ساتھ کراماً کاتبین مقرر کرنے میں کیا حکمت ہے؟ تو اس میں حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کی تمام اشیاء کو ایک نظم کے ساتھ ترتیب دیا۔ اور اس نظم کو نہایت عمدگی اور خوبی کے ساتھ مضبوط و مستحکم کیا ہے حتیٰ کہ انسانوں کے اقوال اور افعال کے لکھنے کے لئے اس نے کراماً کاتبینَ

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی بن باز رحمہ اللہ

جلد دوم